Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۰	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ شوال سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۴ء	جلد ۳۶

فہرست مضامین

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

۱ مثل رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ طبع
نتیجہ امتحان درجہ منشی الہ آباد یونیورسٹی مدرسہ مڈل

کا غذات ملاحظہ ہوئے۔ درجہ منشی الہ آباد یونیورسٹی میں جو مدرسہ مڈل قائم ہے امسال دس طلبا شریک امتحان ہوئے۔ منجملہ شرکایان امتحان کے چھ طلبا کامیاب اور چار طلبا ناکامیاب رہے۔ یہ کامیابی اچھی ہے مگر آیندہ فراہمی طلبا میں زیادہ کوشش کی ضرورت ہے۔ نتیجہ بغرض اشاعت گزٹ میں نقل حکم مطبع مرسل ہو۔ اصل

کاغذات اطلاعاً واپس ہون

نتیجہ امتحان سالانہ درجہ منشی الٰہ آباد یونیورسٹی بابت سنہ ۱۹۲۴ء

نمبر شمار	نام طالب علم	ڈویژن کامیابی	پاس	فیل	کیفیت
۱	محمد شفیق	۱	پاس	۔	
۲	محمود الحسن	۲	"	۔	
۳	عزیز شاہجہان	۲	"	۔	
۴	محمد حنیف	۳	"	۔	
۵	غلام صمدانی	۳	"	۔	
۶	شمس الاسلام	۳	"	۔	
۷	ضمیر احمد	۔	۔	فیل	
۸	صدیق حسن	۔	۔	"	
۹	علی رضا خان	۔	۔	"	
۱۰	ممتاز احمد	۔	۔	"	

ملخص احکام اجلاس صاحب یونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم سید غالب علی صاحب ہیڈ کلرک یونیو سکریٹری کی رخصت چند ماہ بغرض روانگی کوہ شملہ بنا بر علاج پسر خود منظور ہوئی تنخواہ ماہ و مئی درپیش جاوے گی

تبادلہ

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

میان جان خان محرر مال تحصیل شاہ آباد تحصیل بلاسپور کو بجائے ابن علی محرر مال کے اور ابن علی تحصیل شاہ آباد کو بجائے میان جان خان تحصیل شاہ آباد مین اپنی تنخواہ و عہدہ پر تبدیل ہوئے

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقعہ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

نقل حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر حسب یاداشت صاحب یونیو سکریٹری بہادر منظور شدہ اجلاس ہمایون تاریخ ۵ مئی سنہ ۱۹۲۴ء بابت حکم التوا مقدمات قرضہ آسامیان بہات ریاست تا آخر جون سنہ ۱۹۲۴ء بنظر انسداد فراری مزارعان بوجہ خرابی سال حسب حالی جو تعداد قرضہ بطور جنسی و دیوانی کی آسامیان پر دائر ہوتی ہین انکے اجرا وغیرہ کی کارروائی آخر جون ۱۹۲۴ء تک ملتوی رہے حکم جلالی سنہ ۱۹۲۴ء کارروائی اجرا وغیرہ موقوف رکھی جاوے حسب حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم جملہ عدالتہاے فوجداری و دیوانی مین بنا بر تعمیل احکام ضابطہ جاری ہو اور ایک نقل درج گزٹ کیجاوے

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقعہ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

منشی عبدالرزاق خان وکیل درجہ اول کے کاغذات شکایتی بتوسط جناب صاحب یونیو سکریٹری بہادر آئے ہین جسمین صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس نے تحریر کیا ہے کہ مقدمہ سرکار بہادر بنام چندن لال وغیرہ ملزمان ایکٹ قماربازی عبدالرزاق خان وکیل نے بتی وجہ ثبوت کو عدالت مین کنور بہادر امیدوار سے نکلوایا۔ جو چندن لال ملزم کا بہنوئی ہے۔ اور یہ کہ وکیل مذکور نے تین تین روپیہ اس کام کے کرانیکے وصول کیے عبدالرزاق خان ایک مشہور چالاک اور فسادی آدمی ہے اور نیز ضبطی سند وکالت کی درخواست کی ہے اور صاحب اسپشل مجسٹریٹ نے جنکے اجلاس مین مقدمہ مذکورہ تھا انھون نے بھی وکیل مذکور کی شکایت کی ہے یہ کاغذات پیشی مین تھے کہ آج ایک درخواست استعفی وکالت سے عبدالرزاق خان وکیل کی اجلاس ہمایون کی آئی ہے جو شامل کاغذات شکایتی ہو کر پیش ہوئی۔ ایسی صورت مین اب مزید کارروائی کی ضرورت نہین ہے صرف منظوری استعفی کرنا کافی سمجھا جاتا ہے۔ لہذا عبدالرزاق خان وکیل درجہ اول کا استعفی منظور ہے۔ کنور بہادر امیدوار کا نام بھی رجسٹر سے خارج کیا جاوے۔ حکم ہوا کہ احکام ضابطہ جاری ہون۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم خان بہادر سید رضا حسین صاحب چیف اسپشل مجسٹریٹ کی رخصت ۵ یوم منظور ہوئی صاحبزادہ ولی ظفر خان صاحب بہادر اسسٹنٹ مجسٹریٹ ایام رخصت مین صاحب موصوف کا معمولی کام انجام دینگے۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرمائیے اور احباب کو دکھائیے

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۲؎ ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع جادری کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ جسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۲؎ ہے۔

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ کی خدمت مین ارسال فرمائیے

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۲ لغایت ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	
گندم				۱۰ ار	۱۰ ار		دیگر تفصیلات سے نقشہ خالی ہیں
نخود خالص				۱۵ ار	۱۵ ار		
نخود کسہ آمیز				۲۰ ار	۱۷ ار		
کسر				۲۱ ار	۰		
ماش				۹ ار	۹ ار		
سونگ				۰	۹ ار		
مکا				۱۲ ۰ ار	۰		
جئی				۲۰ ار	۱۶ ار		
گوجئی				۰	۱۴ ار		
عدس				۲۰ ار	۱۲ ار		
ارہر				۰	۱۳ ار		
برنج				۵ ار	۵ ۰ ار		
روغن زرد				۰ ار	۰ ار		
روغن سیاہ				۱ ۰ ار	۱ ار		
روغن کنجد				۲ ۰ ار	۱ ار		
نمک سامبھر				۱۱ ار	۱۲ ار		
نمک لاہوری				۱۵ ار	۷ ار		
قند سیاہ				۸ ار	۸ ار		
باجرہ				۰	۰		

مطبوعہ پریس ریاست رامپور